# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 12 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۲/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **جمہوریت کے تینوں ستونوں کو اتحاد و اتفاق سے کام کرنا چاہیے ' نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ**

☆ **قانون ساز کونسل کی 11 / نشستوں کے لیے آج رائے دہی ' شام میں کی جائے گی رائے شماری**

☆ **نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے کی سماعت 18 / تاریخ کو**

**اور**

☆ **سینٹرل فورسیز کی بھرتی میں سابق اگنی ویروں کے لیے 10 / فیصد اسامیاں مختص کرنے کا وزارتِ داخلہ کا فیصلہ**

**اب خبریں تفصیل سے...**

جمہوریت کے تینوں ستونوں کو اتحاد و اتفاق سے کام کرنا چاہیے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے یہ بات کہی ہے۔ قانون ساز کونسل کے صد سالہ جشن میں وہ کل ریاستی مقننہ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے تمام سیاسی جماعتوں سے پارلیمنٹ اور مقننہ میں کُل جماعتی تبادلہ خیال کی ضرورت کا اظہار کرتے ہوئے ایوان میں ہنگامہ آرائی کی حوصلہ شکنی کرنے اور نظم وضبط کا پاس ولحاظ رکھنے کی اپیل کی۔ اِس کے لیے انھوں نے چھترپتی شیواجی مہاراج کی طرز حکمرانی کی مثال دی۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ملک کو نئی بلندیوں پر لے جانے میں مہاراشٹر کا بڑا تعاون ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی 11 نشستوں کے لیے آج رائے دہی کی جائے گی۔ رائے دہی کے لیے صبح 9 ر بجے سے سہ پہر 4 بجے تک کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ رائے شماری آج شام میں ہی کی جائے گی۔ اِس چُناؤ میں بی جے پی کی جانب سے پنکجا مُنڈے ' پری نئے پھوکے ' سدا بھاؤ کھوت ' یوگیش ٹیڑے کر اور اِمت گورکھے اِسی طرح راشٹروادی کانگریس پارٹی کی جانب سے راجیش وِٹیکر اور شیواجی راؤ گرجے شیوسینا کی جانب سے سابق رکن پارلیمان کرپال تومانے اور بھاونا گولی ' کانگریس پارٹی کی جانب سے پرگیا ساتو ' شیوسینا اُدھو باڑا صاحیب ٹھاکرے پارٹی جانب سے ملند نارویکر اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کی حمایت سے شیتکری کامگار پارٹی کے جینت پاٹل انتخاب لڑ رہے ہیں۔

***** ***** *****

عدالتِ عالیہ نے نیٹ امتحان دھاندلی معاملے کی سماعت 18 ر جولائی تک ملتوی کر دی ہے۔ اِسی دوران نیٹ یو جی مشاورت کا عمل 4 ر پھیریوں میں کیا جائے گا۔ مرکزی حکومت نے کل عدالت کو بتایا کہ اِس مہینے کے تیسرے ہفتے سے اِس عمل کا آغاز کیا جائے گا۔ نیٹ یو جی امتحان سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں مرکزی تحقیقاتی اِدارے سی بی آئی نے اپنی رپورٹ مہر بند لفافے میں کل عدالتِ عالیہ کو پیش کی۔

اِسی دوران سی بی آئی نے نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے کے سرغنہ ملزم راکیش رنجن عرف راکی کو گرفتار کر لیا ہے۔ اِس معاملے میں سی بی آئی کے زیرِ حراست ملزم گنگا دھر کی سی بی آئی تحویل کی مدت میں عدالتِ عالیہ نے مزید 4 ر دن کا اضافہ کر دیا ہے۔ سی بی آئی نے عدالت کو بتایا کہ گنگا دھر کے موبائل سے نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے میں 600 ر افراد کے ساتھ رابطہ کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزارتِ داخلہ نے سینٹرل فورسیز کی بھرتی میں سابق اگنی ویروں کے لیے 10 ر فیصد اسامیاں مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سینٹرل انڈسٹریل سیکیوریٹی فورس ' سینٹرل ریزرو پولس فورس اور بارڈر سیکیوریٹی فورس میں سابق اگنی ویروں کے لیے 10 ر فیصد اسامیاں مختص کی جائیں گی۔ ساتھ ہی داخلہ کے لیے عمر کی حد کی شرط میں بھی نرمی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

سال 2025ء تک ملک کو تپ دِق کے مرض سے پاک کرنے کے لیے ریاست میں 18/سال سے زیادہ عمر کے سبھی افراد کو تپ دِق سے حفاظت کے ٹیکے لگائے جائیں گے۔ وزیر برائے صحت عامہ تاناجی ساونت نے کل اسمبلی میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ گنجان آبادی والے علاقوں میں اِس مرض کا تناسب زیادہ ہوتا ہے اسی لیے اِس خصوص میں تشکیل دی گئی کمیٹی ممبئی میں مطالعہ کر کے اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

***** ***** *****

خواتین و بہبود اطفال کی وزیر ادیتی تٹ کرے نے کہا ہے کہ ریاست میں آنگن واڑیاں قائم کرنے یا اُن کی اصلاح کرنے کی غرض سے ریاستی بجٹ میں گنجائش پیدا کرنے کے لیے تجویز پیش کی جائے گی۔ انھوں نے بتایا کہ سبھی آنگن واڑیوں کو اسمارٹ کرنے کا کام جاری ہے۔ وزیر موصوفہ نے بتایا کہ مالیاتی کمیشن ، ضلع پریشد کا فنڈ اور ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے توسط سے آنگن واڑیوں کی مُرمت اور نئے تعمیری کام کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ممبئی کی اِندو مِل میں بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحیب امبیڈکر کی یادگار کا تعمیری کام تیزی سے جاری ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بتایا کہ اُن کا مجسمہ تیار کرنے کے لیے درکار وقت کو چھوڑ کر بقیہ کام اگلے سال تک مکمل ہو جائے گا۔ وہ کل اسمبلی میں بول رہے تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کے شیر کے ناخون آئندہ 19/تاریخ سے ستارا کے سرکاری عجائب گھر میں رکھے جائیں گے۔ وزیر برائے ثقافتی امور سُدھیر مُنگنٹی وار نے کل اسمبلی میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ مذکورہ شیر کے ناخون 3/سال تک ریاست میں رکھے جائیں گے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اِس کے لیے کسی بھی قسم کا کرایہ نہیں دیا گیا۔ مُنگنٹی وار نے بتایا کہ ریاست میں اور بھی اِس طرح کے شیر کے ناخون ہیں لیکن وہ شیواجی مہاراج نے استعمال کیے ہیں ایسا دعویٰ کسی نے بھی نہیں کیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ میں کل مراٹھا ریز رویشن کے قائد منوج جرانگے پاٹل کی قیادت میں عوامی بیداری امن ریلی نکالی گئی تھی۔ ساتھ ہی جلسہ عام کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس موقعے پر جرانگے پاٹل نے تقاضہ کرنے والوں کو کُنبی سر ٹیفکیٹ دینے کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ مراٹھا سماج کو او بی سی سے ریز رویشن ملنے تک وہ خاموش نہیں بیٹھیں گے۔

اِسی دوران آج جالنہ میں منوج جرانگے پاٹل کی قیادت میں عوامی بیداری امن ریلی نکالی جائے گی۔ جالنہ کے چھترپتی سنبھاجی مہاراج چوک سے اب سے ایک گھنٹہ بعد یعنی 10/ بجے سے اِس ریلی کا آغاز ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر پیٹرولیم ڈیلرس ایسوسی ایشن کے مختلف مطالبات کی تکمیل کے لیے آئندہ 15/ تاریخ سے خاموش آندولن کیا جائے گا۔ ایسوسی ایشن کے صدر نشین عقیل عباس نے کل صحافیوں کو یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ کمیشن میں اضافہ ' ایندھن میں ایتھینال کے استعمال سے متعلق عوامی آ گہی وغیرہ مطالبات کے لیے 15/ جولائی سے 15/ اگست تک آندولن کیا جائے گا۔ تاہم اُنھوں نے تیقن دیا کہ اِس آندولن کا اثر گاڑی مالکان پر نہیں پڑے گا۔

***** ***** *****

معذور ملازمین کی ریاستی تنظیم نے بیڑ ضلع پریشد کے شعبہ تعلیم میں مختلف عہدوں پر سنیر یٹی کے اعتبار سے فہرست اِسی طرح عہدوں میں ترقی دینے کا عمل مکمل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اِن مطالبات کے علاوہ دیگر مطالبات پر مبنی ایک محضر بھی بیڑ ضلع پریشد کے خصوصی کارگذار افسر کو پیش کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی مطالبات پورے نہ کیے جانے کی صورت میں آئندہ 22/ تاریخ سے بے مدت بھوک ہڑتال کرنے کا اشارہ بھی دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا پور میں واقع جواہر نواُدئے وِدیالیہ میں کل عالمی یوم آبادی کی مناسبت سے عوامی بیداری کا پروگرام رکھا گیا تھا۔ اِس موقعے پر انچارج پرنسپال چکر پانی گومارے نے بڑھتی آبادی کے باعث پیدا ہورہے مسائل پر روشنی ڈالی۔ اِس موقعے پر چھٹی سے آٹھویں جماعت کے طلباء کا سلوگن مقابلہ بھی رکھا گیا تھا۔

***** ***** *****

عالمی یوم آبادی کے موقعے پر کل ہنگولی ضلعے میں کلمنوری اور بسمت کے سرکاری ہسپتالوں اِسی طرح اکھاڑا بالا پور کے دیہی ہسپتال میں خاندانی بہبود کا خصوصی آپریشن کیمپ رکھا گیا تھا۔ اِس کیمپ میں 26 رخواتین کا فیملی ویلفیئر آپریشن کیا گیا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے لیے ناندیڑ ضلعے کے سبھی دیہاتوں میں مستحق خواتین کی جانب سے آن لائن اور آف لائن طریقے سے درخواستیں لی جارہی ہیں۔ اِس خصوص میں ضلع پریشد کے منتظم نیز خصوصی کارگذار افسر مینل کرن وال نے کاسار کھیڈا کا اچانک دورہ کر کے اِس کام کا معائنہ کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر شہر میں بھی وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے لیے خواتین سے درخواستیں لینے کا کام شروع ہو چکا ہے۔ عام خواتین تک اِس یوجنا کی معلومات پہنچانے کے لیے بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے اعلانات اور معلومات پر مبنی پرچے تقسیم کیے جارہے ہیں۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **جمہوریت کے تینوں ستونوں کو اتحاد و اتفاق سے کام کرنا چاہیے ' نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ**
- ☆ **قانون ساز کونسل کی 11 رنشستوں کے لیے آج رائے دہی ' شام میں کی جائے گی رائے شماری**
- ☆ **نیٹ سوالیہ پرچہ افشا معاملے کی سماعت 18 رتاریخ کو**

**اور**

- ☆ **سینٹرل فورسیز کی بھرتی میں سابق اگنی ویروں کے لیے 10 رفیصد اسامیاں مختص کرنے کا وزارتِ داخلہ کا فیصلہ**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆